ڈیمیانو بی۔ سینٹولا
DAMIANO B. CENTOLA

میں نے بُلاوے کو چُنا

ترجمہ کار: فیاض انور

میری ہر دن کی عبادت کا نغمہ

ایمان، مقصد اور فرماں برداری کا سفر

ڈیمیانو بی۔ سینٹولا

DAMIANO B. CENTOLA

میں نے بلاوے کو چنا

ترجمہ کار: فیاض انور

میری ہر دن کی عبادت کا نغمہ

ایمان، مقصد اور فرماں برداری کا سفر

میری زندگی کے خُداوند،

خُداوند میں توبہ اور یسوع مسیح کے صلیب پر بہائے گئے خون کے وسیلے نجات حاصل کر چکا ہوں۔ میں تیرا شکر کرتا ہوں کہ تو میرے اور میرے خاندان کے گناہوں کے لیے صلیب پر موا۔

آج میں تیرے فضل کی بدولت اپنی زندگی کے ہر پہلو اور ہر رشتے میں اپنے آپ کو تیرے لیے وقف کرتا ہوں۔ میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں تیرے کلام کی فرماں برداری کروں گا اور ہر روز دُعا کے ذریعے تیرے ساتھ وقت گزاروں گا۔ اور میں اپنے بدن کے وسیلے تیرے نام کو جلال دوں گا، کیوں کہ میں قیمت سے خریدا گیا ہوں۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''کیوں کہ قیمت سے خریدے گئے ہو۔ پس اپنے بدن سے خُدا کا جلال ظاہر ہو''۔(۱۔کرنتھیوں ۶:۲۰)

٢۔غوروخوض
اُس کی راہ نمائی میں چلنا

میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنی زندگی کے ہر ایک پہلو میں خُداوند کے فیصلوں اور اُس کی راہ نمائی میں چلوں گا۔ خُداوند میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے ہر روز رُوح القدس کے تازہ مسح سے بھر دے، تاکہ میں اپنی زندگی میں تیرے بلاوے کو پورا کروں ۔ خُداوند میں تجھ سے وعدہ کرتا ہوں کہ میں تیرے کلام اور تیرے احکامات کو سیکھ کر صاحب بصیرت اور موثر راہ نما بنوں گا اور اِس بات کو پورے دل سے سمجھوں گا کہ مسیحیت کی پختگی اور بلوغت ایک مسلسل اور ایمان کا سفر ہے۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

’’سارے دِل سے خُداوند پر توکل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اُس کو پہچان اور وہ تیری راہ نمائی کرے گا۔‘‘ (امثال ۳: ۵-۶)

۳۔غوروخوض
اپنے خاندان اور اپنے سربراہوں
کی عزت کریں

میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنے آسمانی راہ نماؤں، اپنے ماں باپ اور اپنے سر پرستوں کی عزت کروں گا۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنے اردگرد موجود تمام لوگوں کی عزت کروں گا۔ میں دُوسروں کو اپنے آپ سے افضل سمجھوں گا۔ میں دُعا کرتا ہوں کہ مجھے جو بھی ذمے داری فضل کے تخت کی طرف سے سونپی گئی ہے میں اُسے پورے دل اور خوشی سے پورا کروں گا، کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ میں جو کچھ بھی کرتا ہوں وہ خُداوند کے لیے کرتا ہوں۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر اُس ملک میں جو خُداوند تیرا خُدا اُتجھے دیتا ہے دراز ہو۔''

(خروج ۲۰:۱۲)

۴۔غوروخوض
مسیح کے بدن کی تعمیر

خُداوند میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں مقامی کلیسیا کا فعال رُکن بنوں گا اور دُوسرے ایمان داروں کے ساتھ رفاقت میں رہوں گا۔ میں تسلی بخش اور تعمیری گفتگو کروں گا، میں بے کار باتوں غیبت گوئی اور چغل خوری سے کنارہ کروں گا۔ میں مسیح کے بدن کے دُوسرے اعضا کو نیکی اور بھلائی کے کاموں کی ترغیب دُوں گا۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''اور محبت اور نیک کاموں کی ترغیب دینے کے لیے ایک دُوسرے کا لحاظ رکھیں۔ اور ایک دُوسرے کے ساتھ جمع ہونے سے باز نہ آئیں جیسا بعض لوگوں کا دستور ہے بلکہ ایک دُوسرے کو نصیحت کریں اور جس قدر اُس دن کو نزدیک ہوتے ہوئے دیکھتے ہو اُسی قدر زیادہ کیا کرو۔''

(عبرانیوں ۱۰:۲۴-۲۵)

۵۔غور وخوض
پاکیزگی اور مختاری

میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنی لیاقت ، وقت ، دہ یکی اور اپنے ہدیے کا اچھا مختار بنوں گا۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اپنی شخصی زندگی میں پاکیز گی کو قائم رکھوں گا اور خُدا کی قدرت اور ضبطِ نفس کے وسیلے اپنے بدن کو جنسی ناپا کی سے محفوظ رکھوں گا ۔ میں کسی بھی رومانوی تعلق میں ہمیشہ خُدا کو مقدم رکھوں گا اور میں اُن تمام بڑوں اور بزرگوں کی مشورت کو سنوں گا جن کو تو نے میرے اُوپر مقرر کیا ہے۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''حرام کاری سے بھاگو۔ جتنے گناہ آدمی کرتا ہے وہ بدن سے باہر ہیں مگر حرام کار اپنے بدن کا بھی گناہ گار ہے۔''

(ا۔کرنتھیوں ۶:۱۸)

٦۔غور وخوض
نمک اور نور بننا

میں وعدہ کرتا ہوں کہ میں اُن تمام اعلیٰ حکومتوں کا فرماں بردار رہوں گا جن کو خُدا نے مقرر کیا ہے، کیوں کہ میں جانتا ہوں کہ سب چیزیں میری بھلائی کے لیے ہیں۔ میں کوشش کروں گا کہ میں نمک اور نور بنوں تا کہ میں دُوسروں کو مسیح کے لیے جیت سکوں۔ میں یہ اعلان کروں گا کہ یسوع مسیح میرا دوست، نجات دہندہ، شفا دینے والا، فدیہ دینے والا، پاک رُوح سے معمور کرنے والا اور جلد آنے والا بادشاہ ہے۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''تم زمین کے نمک ہو۔۔۔تم دُنیا کے نور ہو جو شہر پہاڑ پر بسا ہے وہ چھپ نہیں سکتا۔'' (متی ۵:۱۳،۱۴)

۷۔غوروخوض
اُس کے بلاوے کا جواب دینا

میں مسیح کی مانند بننے کے بلاوے کو قبول کرتا ہوں ، اور میں مسیح کے صلیب پر بہائے گئے لہو کو اپنی زندگی میں آنے کی دعوت دیتا ہوں کیوں جب میں کم زور ہوتا ہوں تو وہی مجھے قوت ، پاکیزگی اور آزادی دیتا ہے ۔ میں اپنے آپ کو اُس عظیم مقصد کے لیے وقف کرتا ہوں جو یسوع مسیح نے میرے لیے مقرر کیا ہے۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''کیونکہ صادق سات بار گرتا ہے اور پھر اُٹھ کھڑا ہوتا ہے
لیکن شریر بلا میں گر کر پڑا ہی رہتا ہے۔'' (امثال ۲۴:۱۶)

۸۔ حتمی غوروخوض
اُس کے جلال کے لیے جینا

میں خُدا کے جلال کے لیے اپنے آپ کو اِس بلاوے کے لیے وقف کرتا ہوں ۔خُداوند میں جو کچھ بھی کروں گا وہ تیرے لیے کروں گا ۔ میرے خُدا، میرے نجات دہندہ اور میرے خُداوند میں تیری مشاورت کے بغیر کچھ نہیں کروں گا۔ تیرا نور میرے وسیلے دُنیا پر چمکے تا کہ سب تجھے پہچان سکیں۔

کلامِ مقدس کا حوالہ:

''پس تم کھاؤ یا پیو یا جو کچھ کرو سب خُدا کے جلال کے لیے کرو۔'' (۱۔کرنتھیوں ۱۰:۳۱)

فٹ نوٹس

ا۔ ''کیوں کہ قیمت سے خریدے گئے ہو۔ پس اپنے بدن سے خُدا کا جلال ظاہر ہو''۔(ا۔کرنتھیوں ۶:۲۰)

۲۔ ''سارے دل سے خُداوند پر توکل کر اور اپنے فہم پر تکیہ نہ کر۔ اپنی سب راہوں میں اُس کو پہچان اور وہ تیری راہ نمائی کرے گا۔''(امثال۳:۵-۶)

۳۔ ''تو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرنا تاکہ تیری عمر اُس ملک میں جو خُداوند تیرا خُدا تجھے دیتا ہے دراز ہو۔''(خروج ۲۰:۱۲)

۴۔ ''اور محبت اور نیک کاموں کی ترغیب دینے کے لیے ایک دُوسرے کا لحاظ رکھیں۔ اور ایک دُوسرے کے ساتھ جمع ہونے سے باز نہ آئیں جیسا بعض لوگوں کا دستور ہے بلکہ ایک دُوسرے کو نصیحت کریں اور جس قدر اُس دن کو نزدیک ہوتے ہوئے دیکھتے ہو اُسی قدر زیادہ کیا کرو۔''(عبرانیوں۱۰:۲۴-۲۵)

۵۔ ''حرام کاری سے بھاگو۔ جتنے گناہ آدمی کرتا ہے وہ بدن سے باہر ہیں مگر حرام کار اپنے بدن کا بھی گناہ گار ہے۔''(ا۔کرنتھیوں ۶:۱۸)

۶۔ ''تم زمین کے نمک ہو۔۔۔تم دُنیا کے نور ہو جو شہر پہاڑ پر بسا ہے وہ چھپ نہیں سکتا۔''(متی ۵:۱۳-۱۴)

۷۔ ''کیونکہ صادق سات بار گرتا ہے اور پھر اُٹھ کھڑا ہوتا ہے لیکن شریر بلا میں گر کر پڑا ہی رہتا ہے۔''(امثال۲۴:۱۶)

۸۔ ”پس تم کھاؤ یا پیو یا جو کچھ کرو سب خُدا کے جلال کے لیے کرو ۔“ (۱۔کرنتھیوں۱۰:۳۱)

ایمان، فرماں برداری اور مقصد کا ایک رُوحانی سفر

ذرا سوچیں اگر آپ اپنی زندگی کے ہر دن میں ایمان کے بلاوے پر عمل کریں تو آپ کی زندگی کیسی ہو جائے گی؟

یہ کتابچہ ''میں نے بلاوے کو چنا'' محض ایک دُعائیہ کتاب نہیں ہے بلکہ یہ وفاداری اور مقصد کا ایک ایسا ترانہ ہے جو آپ کی رُوح کو بیدار کر دے گا۔ چاہے آپ اپنی زندگی میں آزمایشوں کا سامنا کر رہے ہوں، کامیابیوں کا جشن منا رہے ہوں یا پُرسکون لمحات میں اُس کی راہ نمائی کی تلاش کر رہے ہوں، یہ کتابچہ آپ کو غیر متزلزل ایمان کے ساتھ اُٹھنے، خُدا کے وعدوں پر ایمان رکھنے اور دلیری سے اُس کے منصوبے پر چلنے کے لیے تیار کرے گا۔

یہ کتابچہ خاص طور پر اُن لوگوں کے لیے ہے جو دل سے غور و خوض کرتے، کتابِ مقدس کا مطالعہ کرتے اور اپنی زندگیوں میں درپیش چیلنجز سے آگے بڑھنا چاہتے اور بڑی دلیری کے ساتھ اپنے ایمان اور اپنے ابدی مقصد کا اعلان کرنا چاہتے ہیں۔ یہ صرف ایک کتابچہ نہیں بلکہ یہ آپ کی رُوح کی ہر دن کی بیداری ہے۔ کیا آپ اُس کے بلاوے کو چننا چاہتے ہیں؟

مصنف کے بارے میں

ڈیمیانو بی۔ سینٹولا ایک فکر انگیز مصنف اور صاحب بصیرت انسان ہیں آپ رُوحانی اور عملی پہلوؤں کو باہم جوڑنے کے غیر معمولی ہنر کے مالک ہیں۔ ایمان، سائنس اور انسانیت سے محبت آپ کی زندگی کا شعار ہے۔

آپ زندگی کے گہرے سوالات پر منفرد بصیرت فراہم کرتے ہیں۔ ایک پُرعزم مصنف کے طور پر آپ کی تحریریں ہمیں تحریک دیتی اور ہمارے شعور کو منور کرتی ہیں، تاکہ قارئین کو سچائی اور اُن کی زندگیوں کے حقیقی مقصد کی طرف لے کر جایا جا سکے۔ جب آپ اپنی تحریری خدمت میں مصروف نہ ہوں تو آپ خدمتِ انسانی، ایمان، زندگی اور ابدی میراث پر غور و خوض کرتے ہیں۔

Col: 3:23
WINNING SOULS FOR CHRIST MINISTRIES

Winning Souls For Christ Ministries Pakistan
Gujranwala, Pakistan. +92-300-7499529